# نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | 查看本文件的中文版 |
Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen |
이 문서를 한국어로 보기 | Consulte este documento en español |
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

### 12 دسمبر، 2022 کا ہفتہ

اب جبکہ سردیاں آرہی ہیں، ہمیں برفانی طوفان یا دیگر موسمی صورتِ حال کا سامنا ہوسکتا ہے جس میں اسکول کی عمارتوں کو اس دن کے لیے بند کرنا مطلوب ہو۔ اس سال، اگر موسم کی خرابی کے باعث نیویارک شہر پبلک اسکول عمارتیں بند ہونگی، **اس دن کے لیے ریموٹ لرننگ منعقد ہوگی۔** کنڈرگارٹن اور اس سے اونچے گریڈز سے لاگ آن کرنے اور اپنی کلاسوں میں گھر سے حصہ لینے کی توقع کی جاتی ہے۔ وہ بچے جو 3K یا ایک LYFE یا پری کنڈرگارٹن پروگرام میں ایک ایلیمنٹری اسکول یا پری کنڈرگارٹن مرکز میں جاتے ہیں وہ اپنے پروگرام کے ذریعے خاکہ کش کردہ ریموٹ لرننگ تجربے میں حصہ لیں گے۔

تمام نظام میں ہمارے ریموٹلی تدریس و تعلیم کی اہلیت ہمیں ہمارے طلبا کے ساتھ کام کرنا جاری رکھنے کا موقع دیتی ہے جبکہ اسکول عمارتیں بند ہوتی ہیں۔ سابقہ سالوں کی مانند، آپکو مطلع کیا جائے گا جب نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اسکول عمارتیں خراب موسم کی وجہ سے بند ہونگی، اور آپکا اسکول آپکو اضافی معلومات فراہم کرے گا۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو اپنے پرنسپل سے بلا جھجک رابطہ کریں۔

خاندانوں کو تیار کرنے کے لیے، یہ خط وضاحت کرتا ہے کہ ریموٹ لرنگ کے وسائل اور پلیٹ فارمز تک کس طرح رسائی کریں اور اسکول عمارتوں کے بند ہونے کے بارے میں جدید معلومات اور نیویارک شہر پبلک اسکولوں کی جانب سے دیگر اہم خبروں کو موصول کرنا یقینی بنائیں۔

اسکے علاوہ، ہم اسکولوں اور دیگر اندرونی ترتیبوں میں ماسک لگانے کی تجاویز کی جدید معلومات کا اشتراک کررہے ہیں، اس موسم میں فلو اور دیگر تنفسی وائریسز کی اونچی شرح کی وجہ سے، جیسے ریسپیریٹوری سنسیشیل وائرس (RSV)۔

## ریموٹ لرننگ

### انٹرنیٹ کے قابل آلات

ریموٹ لرننگ میں حصہ لینے کے لیے، طلبا کو ایک کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، یا آئی پیڈ تک رسائی درکار ہوگی جو انٹرنیٹ سے مربوط (کنیکٹ) ہوسکے۔ اگر آپکے بچے کے پاس گھر پر ایک انٹرنیٹ کے لیے تیار ڈیوائس نہیں ہے، آپ اپنے اسکول سے ایک محکمئہ تعلیم سے مستعار کردہ ڈیوائس کی گزارش کرسکتے ہیں۔ اگر آپکے بچے کو ایک محکمئہ تعلیم ڈیوائس درکار ہے، براہِ کرم اپنے اسکول سے ابھی گزارش کریں، یہ یقینی بنائیں کہ آپکا خاندان تیار ہے؛ موسم کے باعث (اسکول) بند ہونے کا انتظار نہ کریں۔ محکمئہ تعلیم سے مستعار کردہ اپنے آئی پیڈ یا لیپ ٹاپ کو استعمال کرتے ہوئے schools.nyc.gov/ipad پر رہنمائی حاصل کریں کہ کیسے شروع کریں۔

## محکمئہ تعلیم طالِب علم اکاؤنٹ

طلبا اپنے **محکمئہ تعلیم اکاونٹ** کے ذریعے تمام ٹیکنالوجی پلیٹ فارمز تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں جنکی انہیں ریموٹ لرننگ کے لیے ضرورت ہوگی، جو خودکار طور پر تشکیل پاتا ہے جب آپکے بچے کا اسکول میں اندراج ہوتا ہے۔ آپ اپنے بچے کے DOE اکاونٹ تک TeachHub (teachhub.schools.nyc) میں آپکے اسکول کے فراہم کردہ یوزر نیم اور پاس ورڈ کو استعمال کرتے ہوئِے سائن ان کر کے رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ (اگر آپ اپنے بچے کے یوزر نیم اور پاس ورڈ کے بارے میں یقینی نہیں ہیں، براہِ کرم selfservice.schools.nyc پر جائیں یا مدد کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔) وہاں سے، طلبا اور خاندان تمام محکمئہ تعلیم اپلیکیشنز سے ایک کلک کے ذریعے مربوط ہوسکتے ہیں۔ ان پلیٹ فارمز میں ذیل شامل ہو سکتے ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں:

- ٹیچ ہب TeachHub
- گوگل فار ایجوکیشن (بشمول گوگل کلاس روم)
- iLearnNYC
- مائیکرو سافٹ آفس
- زُوم (Zoom)

ذیل پر DOE اکاونٹ کے بارے میں مزید جانیئے schools.nyc.gov/studentaccounts۔

## تکنیکی معاونت

محکمئہ تعلیم کی ڈیوائس یا آن لائن لرننگ پلیٹ فارم کے ساتھ دشواری پیش آرہی ہے؟ ہم مدد کرسکتے ہیں! آپ سپورٹ ہب پر بہت سے عام سوالات کے جوابات دیکھ سکتے ہیں یا ایک سپورٹ ٹکٹ کھولیں: supporthub.schools.nyc ۔

# رابطے میں رہیں

## نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ

اسکول عمارتوں کے بند ہونے کے بارے میں جاننے کے آسان ترین طریقوں میں سے ایک نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ یا NYCSA کے ذریعے ہے: schoolsaccount.nyc اگر آپکا ایک NYCSA اکاونٹ نہیں ہے اور مزید جاننا چاہتے ہیں، schools.nyc.gov/nycsa پر جائیں۔ ہم تمام خاندانوں کی اپنے اسکول سے رابطے میں رہنے، اپنے بچے کے گریڈز کی نگرانی کرنے، اور دیگر اہم خبریں اور معلومات، جیسے عمارتوں کے بند ہونے کے بارے میں تنبیہات موصول کرنے کے لیے ایک NYCSA اکاونٹ ترتیب دینے کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

## نیویارک شہر پبلک اسکولز آن لائن

نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہو رہا ہے اس سے باخبر رہیں۔ ہماری ویب سائٹ پر جائیں اور تمام تازہ ترین خبروں کے لیے سوشل میڈیا پر NYCschools@ کو فالو کریں—بشمول نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کی جانب سے— اسکول عمارتوں کے بند ہونے کے بارے میں ضروری معلومات۔ ہمیں تلاش کریں:

- ہماری باضابطہ ویب سائٹ پر: schools.nyc.gov
- ٹوئٹر پر: twitter.com/nycschools
- فیس بُک پر: facebook.com/nycschools
- انسٹا گرام پر: instagram.com/nycschools

# طلبا اور اہل خانہ کے لیے ماسک کے لیے رہنمائی کی تجدید

ہمارے طلبا اور عملے کی صحت اور تحفظ ہماری مطلق اولین ترجیح ہے۔ سردیوں کا موسم شروع ہونے کے ساتھ فلو اور دیگر تنفسی بیماریوں کے وائرس کی اونچی شرح کے باعث، نیو یارک شہر محکمۂ صحت اور دماغی حفظانِ صحت (DOHMH) نے ایک ہمہ گیر اندر ماسک پہننے کی تجویز جاری کی ہے (nyc.gov/site/doh/about/press/pr2022/health-department-issues-commissioners-advisory.page) تمام اندر کی ترتیبوں میں، بشمول اسکولز اور ڈے کئیر مراکز کے لیے۔

ہمیشہ کی مانند، ہم اپنے صحت کے ماہرین کی رہنمائی کی پیروی کرتے ہیں، اور DOHMH میں ہمارے شراکت دارین کی تجویز پر، **ہم ہر طالب علم اور عملے کے ممبر کی اندر ایک درست فٹ ہونے والا ماسک پہننے کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔** ہمارے تمام اسکولوں میں ماسک دستیاب ہیں— اگر آپکے بچے کو ایک ماسک درکار ہے، انہیں مدد کے لیے اسکول کے عملے سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ ہم اپنی اسکول برادری کے تمام ممبران سے ویکسینیشن سے تاحال رہنے کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، بشمول فلو اور COVID-19

COVID-19 کے بارے میں مزید معلومات، نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں صحت اور تحفظاتی پیش بندیوں اور رہنمائی کے لیے براہِ مہربانی schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔